مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں نماز جمعۃ الوداع کے بعد مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے پڑھائی ۔ جبکہ جامعہ علوم اثریہ کی مسجد میں انکی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی ۔

شیخ دلدار حسین نیر صاحب کی وفات

نیر کریانہ سٹور والے شیخ دلدار حسین نیر صاحب طویل علالت کے بعد مورخہ ۹ رمضان المبارک بروز جمعرات کو مالک حقیقی سے جاملے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

مرحوم جماعت کے بزرگ ساتھیوں میں سے تھے اور جامعہ اثریہ للبنات کی تعمیر میں انہوں نے بڑا وقت دیا ۔ وہ چوک اہلحدیث مسجد میں نماز ادا کیا کرتے تھے ۔ بڑے ملنسار اور خوش اخلاق تھے ۔ انکی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی ۔ اللہ انکی اولاد کو ان کیلئے صدقہ جاریہ بنائے ۔ آمین ۔

مستری فضل کریم صاحب کو صدمہ

مستری فضل کریم صاحب کی اہلیہ اور محمد ایوب اور محمد یعقوب صاحبان کی والدہ محترمہ آپا زبیدہ بیگم تقریباً ایک سال بیمار رہنے کے بعد مورخہ ۲ رمضان المبارک کو انتقال کرگئیں ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

مرحومہ بڑی نیک اور صالحہ خاتون تھیں ۔ پابند صوم وصلوۃ تھیں ۔ جماعت کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں ۔ پوری عمر درس و تدریس میں گزاری ۔ اللہ انکی آخرت بہتر فرمائے ۔ آمین

عبدالقیوم بھٹی اور افتخار بھٹی صاحب کو صدمہ

گزشتہ دنوں عبدالقیوم بھٹی صاحب کی والدہ محترمہ اور افتخار بھٹی صاحب کی دادی اس دنیا سے کوچ کرگئیں انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ نے بڑی طویل زندگی پائی تھی ۔ تقریباً ایک سو پچیس سال انکی عمر تھی ۔ اب تو کافی بیمار تھیں ۔ چند سال بیشتر تک صحت کی حالت میں صوم وصلوۃ کی پابند تھیں ۔ ہمیشہ جمعہ اور نماز تراویح مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں پڑھا کرتی تھیں ۔ اللہ تعالی انکی نیکیوں کو قبول فرمائے ۔ آمین

الحاج چوہدری نذیر احمد صاحب کا انتقال

گذشتہ دنوں حاجی آئمہ میں مسجد اہل حدیث کی داغ بیل ڈالنے والے الحاج چوہدری نذیر احمد صاحب

اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے ۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

مرحوم نے اس دنیا میں ہی جنت میں اپنا گھر بنالیا تھا ۔ حاجی آئمہ میں مسجد اہلحدیث کیلئے جگہ وقف کرنے کا انہوں نے اعلان کیا اور پھر جلد ہی وہ مسجد الشیخ عبد اللہ محمد سالم السلوی کے تعاون سے تعمیر ہوگئی ۔ موسم کی خرابی کی وجہ سے اسی مسجد میں مرحوم کا نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ عبد الحمید نے پڑھایا ۔

حاجی محمد حسین صاحب (سرائے عالمگیر) کی اچانک وفات

سرائے عالمگیر کی مشہور و معروف سیاسی سماجی شخصیت اور بلدیہ سرائے عالمگیر کے سابق وائس چیئرمین حاجی محمد حسین صاحب اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے ۔ انا للہ و انا الیہ راجعون ۔

مرحوم مسلک اہلحدیث سے والہانہ لگاؤ رکھتے تھے ۔ والد مرحوم حضرت مولانا حافظ عبد الغفور رحمہ اللہ کے ساتھ عقیدت و احترام کا رشتہ قائم تھا ۔ اکثر و بیشتر جمعہ مرکزی جامع مسجد اہلحدیث میں ادا کرتے تھے ۔ سرائے عالمگیر میں مسجد اہلحدیث کی خواہش دل میں لئے اس دنیا سے رخصت ہوگئے ۔ اللہ انکے گناہوں کو معاف فرمائے ۔

ادارہ " حرمین " مذکورہ بالا تمام مرحومین کے ورثا کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالی انکے گناہوں غلطیوں اور لغزشوں سے درگزر فرمائے اللهم اغفرلهم وارحمهم واعز عنه هم من عذاب و عذاب النار و ادخلهم جنت الفردوس ۔ آمین

قلمی معاونین سے درخواست

قلمی معاونین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے مضامین خوش خط ، باحوالہ ، کاغذ کے ایک طرف تحریر فرمائیں اور مدیر " حرمین " کے نام درج ذیل پتہ پر براہ راست بھیجیں ۔ شکریہ ۔

مدیر حرمین جامعہ علوم اثریہ

پی ۔ او بکس نمبر ۱۱ جہلم